## سوال

(713) قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ ایک شخص قبر پر لیٹے گا..الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ ایک شخص قبر پر لیٹے گا اور کہے گا کہ کاش میں اس کی جگہ قبر میں ہوتا۔ اس حدیث کی مکمل شرح لکھیں؟

(حافظ محمد امین محمدی)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس حدیث کی مکمل تشریح اسی حدیث کے اندر موجود ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی حدیث کے آخر میں فرماتے ہیں: ((وَلَيْسَ بِهِ الدِّيْنُ إِلاَّ الْبَلَاءُ)) کہ وہ یہ خواہش دین کی وجہ سے نہیں کر رہا ہوگا بلکہ بلاء وفتن کی وجہ سے یہ خواہش کر رہا ہوگا۔ ۲۳ ۴ ۱۴۲۴ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد 02 ص 712**

محدث فتویٰ